سوال

(274) صبح کی اذان کے بعد سنتوں سے پہلے یا بعد میں نفل وغیرہ پڑھ سکتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صبح کی اذان کے بعد سنتوں سے پہلے یا بعد میں نفل وغیرہ پڑھ سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فجر کی اذان کے بعد فجر کی سنتیں، مسجد کی دو رکعتیں، طواف کی دو رکعتیں اور فوت شدہ وتر یا فرض نماز پڑھ سکتے ہیں۔ جیسا کہ احادیث صحیحہ ان چیزوں پر دلالت کرتی ہیں۔ اور یہ نمازیں منع والی احادیث سے مستثنیٰ اور مخصوص ہیں۔ ۵ ۵ ۱۴۲۴ھ

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04